منیجنگ ڈائریکٹر: حجۃ الاسلام والمسلمین محمد حسن نقوی
چیف ایڈیٹر: محمد ابراہیم صابری، ایڈیٹر: احمد علی جواہری

مدارس دینیہ پاکستان کا ترجمان
15 روزہ وفاق ٹائمز
جلد 1
شمارہ 6
یکم رمضان تا ۱۵ رمضان ۱۴۴۱ھ، 14 اپریل تا 28 اپریل ۲۰۲۱

## کورونا ایس او پیز پر عمل کرنا شرعی، اخلاقی اور عقلی فریضہ ہے، علامہ شیخ محمد حسن جعفری



امام جمعہ جامع مسجد سکردو حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ شیخ محمد حسن جعفری نے مرکزی امامیہ جامع مسجد سکردو میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرونا کے حوالے سے ایس او پیز کو مکمل فالو کریں۔ خود کو اور اپنوں کو ہلاکت کے کنویں میں دھکیلنے سے پرہیز کرنا شرعی، اخلاقی اور عقلی فریضہ ہے۔ اگرچہ موسم کی تبدیلی میں قدرتی عناصر اور اسباب کا عمل دخل ہوتا ہے، لیکن ہمارے گناہ بھی اس میں تاثیر رکھتے ہیں جن کے باعث ابھی تک ٹھنڈ پڑ رہی ہے۔ گناہوں کی بخشش کے لیے دعا اور توبہ کریں۔
انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے بارے میں بدگمانی سے بچیں اور دلوں کو پاک صاف رکھیں اور تقویٰ اختیار کریں۔


# آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی نے وفاق المدارس الشیعہ کی کابینہ کا اعلان کردیا

### علامہ سید مرید حسین نقوی، علامہ محمد رمضان توقیر، علامہ محمد جمعہ اسدی نائب صدور، علامہ محمد افضل حیدری کو سیکرٹری جنرل، علامہ شبیر حسن میثمی سیکرٹری اطلاعات، ڈاکٹر سید محمد نجفی رابطہ سیکرٹری، مولانا انیس الحسنین خان کو سیکرٹری نشرواشاعت اور مولانا محمد تحسین ناظم امتحانات نامزد

وفاق ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے صدر آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی نے مرکزی کابینہ تشکیل دے دی۔ آٹھ علماء کو مشیر بھی نامزد کیا گیا ہے۔ علامہ محمد افضل حیدری کو سیکرٹری جنرل نامزد کیا گیا ہے۔ علامہ سید مرید حسین نقوی، علامہ محمد رمضان توقیر، علامہ محمد جمعہ اسدی نائب صدور مقرر کیے گئے ہیں۔ علامہ شبیر حسن میثمی کو وفاق المدارس کا سیکرٹری اطلاعات، ڈاکٹر سید محمد نجفی کو رابطہ سیکرٹری، مولانا انیس الحسنین خان کو سیکرٹری نشرواشاعت اور مولانا محمد تحسین کو ناظم امتحانات نامزد کیا گیا ہے۔ رئیس الوفاق نے آٹھ علمائے کرام کو مشیر کے طور پر بھی نامزد کیا ہے، جن میں حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید محمد تقی نقوی، حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ فیاض حسین نقوی، حجت الاسلام والمسلمین علامہ افتخار حسین نقوی، علامہ عبدالمجید بہشتی، علامہ محمد جواد حافظی، علامہ شاہد حسین نقوی، علامہ شیخ مرزا علی اور مولانا شیخ غلام حسین مخلصی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ آیت اللہ حافظ ریاض نجفی کو وفاق المدارس الشیعہ کی مجلس عاملہ نے 23 مارچ کو بلامقابلہ صدر منتخب کیا تھا۔



## امام حسنؑ کے افکار و عمل سے سبق حاصل کر کے مسلمان انتشار سے محفوظ رہ سکتے ہیں، علامہ سید ساجد نقوی



قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے 15 رمضان یوم ولادت حضرت امام حسنؑ کے موقع پر کہا ہے کہ نواسہ رسول اکرم (ص) حضرت امام حسنؑ جوانان جنت کے سردار ہیں۔ آپؑ کے علم، حلم، جلالت اور کرامت میں عکس رسول اکرم (ص) واضح طور پر نظر آتا ہے۔ پیغمبر اکرم (ص) نے اپنی بیٹی کی خواہش پر امام حسن مجتبیٰؑ کو سرداری عنایت کی۔ حضرت علیؑ کے بعد آپؑ امامت پر فائز ہوئے، آپؑ کا شمار خلفائے راشدین میں سے آخری خلیفہ راشد کے طور پر بھی ہوتا ہے، آپؑ نے جس انداز میں ظاہری زندگی بسر فرمائی اور امن و اخوت اور صلح و محبت کی لاثانی روایات قائم کیں ان سے سیرت رسول اکرم (ص) کی عکاسی ہوتی ہے۔ علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا کہ منقول ہے پیغمبر اکرم (ص) ممبر پر تشریف فرما تھے تو امام حسنؑ کو دیکھتے ہوئے کہا کہ میرا یہ بیٹا مسلمانوں کا سردار ہے اور خداوند تعالیٰ اس کے ذریعے دو گروہوں کے درمیان صلح قائم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسنؑ نے مسلمانوں کے اجتماعی مفادات کے حصول اور اسلام کے استحکام کے لئے باہمی رواداری اور صلح و محبت کا ماحول بنا کر گہرے نقوش چھوڑے ہیں۔ صلح نامہ میں قرآن و سنت کی پیروی، فریق دوئم کا کسی کو اپنا جانشین نامزد نہ کرنا، عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ان کے محفوظ مستقبل کی شقیں اہمیت کی حامل ہیں اور ان سے سبق حاصل کر کے مسلمان انتشار و افتراق، جنگ و جدل اور قتل و غارت گری سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ علامہ ساجد نقوی نے مزید کہا کہ نواسہ رسول حضرت امام حسنؑ کی سیرت و کردار سے الہام حاصل کرتے ہوئے ہم نے بھی وطن عزیز میں اتحاد و وحدت کی جدوجہد کو آگے بڑھایا، جس سے نہ صرف ارض پاک انتشار و افتراق سے محفوظ رہا بلکہ پاکستانی عوام بھی اخوت کی لڑی میں پروئے جا چکے ہیں۔

## آیت اللہ العظمیٰ مکارم شیرازی کی صحت بہتر، گھر منتقل



وفاق ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، آیت اللہ العظمیٰ مکارم شیرازی کئی دنوں سے تہران کے ایک ہسپتال میں داخل تھے۔ آج صحتیاب ہو کر قم واپس پہنچ گئے۔
رپورٹ کے مطابق انہیں شدید جسمانی کمزوری اور نقاہت کے باعث ہسپتال لے جایا گیا تھا جہاں ایک چھوٹے سے آپریشن کے بعد ان کی صحت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے گھر جانے کی اجازت دے دی اور وہ دوبارہ قم المقدسہ لوٹ آئے ہیں۔

## نجف اشرف و قم المقدسہ کے فضلاء پر مشتمل ایک وفد کی آیت حافظ اللہ بشیر نجفی سے ملاقات



آیت اللہ العظمیٰ حافظ بشیر حسین نجفی نے اپنے مرکزی دفتر نجف اشرف میں حوزہ علمیہ نجف اشرف و قم المقدسہ کے فضلاء و محققین پر مشتمل ایک خصوصی وفد کا خیر مقدم کیا اور دنیائے تشیع کے علماء و محققین ماسلف کی علمی میراث کی بقاء کے لئے ان کی کاوشوں کو شاندار الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا: اسلام دشمن طاقتوں نے ہمارے علمائے ماسلف اور ان کی سیرت کو عوام کی نظروں سے دور رکھنے کی کوششیں کیں تا کہ عوام ہدایت سے دور رہے اور انہیں علماء کی قدر و منزلت کا احساس نہ ہونے پائے۔ انہوں نے مذکورہ علماء و محققین کی کوششوں کو امر بالمعروف کا عملی مصداق قرار دیتے ہوئے کہا: ایسے امور میں اخلاص کا بڑا اہم کردار ہوتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کی کاوشیں حوزات علمیہ میں جدید آنے والے طلاب کی تعلیم و تربیت میں کارآمد ثابت ہوں اور ان کے لئے مشعل راہ کا کام دیں۔ آیت اللہ حافظ بشیر نجفی نے علامہ سید مہدی الخرسان اور ان کے خاندان کی اہمیت و عظمت بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ خاندان ہے کہ جسے نجف اشرف میں احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور ان کی علمی خدمات ہمارے لئے بیش قیمت تحفے ہیں۔

## جامعۃ الفرات سرگودھا کیجانب سے "شیخ الجامعہ علامہ اختر عباس نجفی" کی برسی پر "آن لائن سیمینار" منعقد

جامعۃ الفرات سرگودھا کی طرف سے شیخ الجامعہ، مؤسس جامعۃ المنتظر لاہور، جامعہ شیعہ کوٹ ادو، جامعہ خدیجۃ الکبریٰ لاہور علامہ اختر عباسؒ کی ۲۲ ویں برسی کی مناسبت سے ایک عظیم الشان آن لائن سیمینار منعقد کیا گیا۔ حجۃ الاسلام مولانا انیس الحسنین خان نے کہا کہ شیخ الجامعہ کی خدمات کو اجاگر کرنے اور نوجوانوں کو ان کی سیرت سے آگاہ کرنے کے لیے اس پروگرام کا انعقاد کیا ہے۔ اتنے بزرگان کا ان کے لیے منعقد پروگرام میں جمع ہونا آپ کی خدمات کا اعتراف ہے۔



# شیخ الجامعہؒ کی شبانہ روز جدوجہد کے نتیجہ سے پنجاب میں علمی مراکز کا قیام عمل میں آیا، علامہ ساجد نقوی

،قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ ساجد نقوی نے شیخ الجامعہ علامہ اختر عباسؒ کی ۲۲ ویں برسی کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حضرت آیت اللہ شیخ الجامعہ اختر عباس نجفی اعلی اللہ مقامہ کی 22 ویں برسی کے موقع پر ان کی دینی ومذہبی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کی خاطر شیخ الجامع شخصیت وخدمات'' کے عنوان سے منعقدہ آن لائن سیمینار موزوں مناسب اور احسن اقدام ہے اور اس پروگرام کے منتظمین تحسین وقدردانی کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ بزرگ علماء کی خدمات کے اعتراف کے طور پر ایسے پروگراموں کا انعقاد نہایت مفید ہے۔عوام خاص طور پر کتب تشیع سے وابستہ افراد کے اندر شعور وآگھی بیدار کرنے اور دین اسلام کے اسرار و رموز اور کتب اہل بیت کی روشن اور واضح تعلیمات سے بہرہ مند کرنے میں اس زمانہ کی جن چیدہ صاحب علم فضل شخصیات کو آج بھی علم دوست حلقے انتہائی عزت واحترام سے یاد کرتے ہیں ان میں منفرد نام اور نمایاں مقام کی حامل برجستہ شخصیت شیخ الجامعہ مرحوم کی ہے۔

علامہ ساجد نقوی نے بیان کیا کہ تعلیم وتدریس تصنیف و تالیف تراجم اور خطابت جیسے شعبوں میں گرانقدر خدمات انجام دینے والے علامہ مرحوم کی شبانہ روز زحمت وکوشش اور جد و جہد کے نتیجہ میں صوبہ پنجاب میں مسلمہ حیثیت کے حامل مرد وخواتین کے علمی مراکز کا قیام عمل میں آیا جن کی بدولت چراغ سے چراغ جلے کے مصداق دین مبین اسلام اور کتب آل محمد کی تعلیمات کی ترویج واشاعت ہوئی اور یوں صرف ملک پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی آپ کے شاگردان اور عقیدت مندوں کا بڑا طبقہ اس وقت بھی دینی خدمات میں مشغول دکھائی دیتا ہے۔



## شیخ الجامعہ علامہ اختر عباس نجفی نے قم ونجف کے مراجع کی تقلید کو رواج دیا، سربراہ وفاق المدارس الشیعہ پاکستان





وفاق ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، وفاق المدارس الشیعہ کے سربراہ آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی نے جامعۃ الفرات سرگودھا کی طرف سے شیخ الجامعہ علامہ اختر عباسؒ کی ۲۲ ویں برسی کی مناسبت سے عظیم الشان آن لائن سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب شیخ الجامعہ لاہور تشریف لائے اس وقت بہت کم جگہ نماز ہوتی تھی، آپ کی برکت سے مساجد آباد ہونے لگیں۔ان کے استاد علامہ سید باقر چکڑالوی آپ کو خط میں حبیب مکرم کہہ کر مخاطب کرتے تھے۔

انہوں نے کہا کہ شیخ الجامعہ علامہ اختر عباسؒ نے قم ونجف کے مراجع کی تقلید کو رواج دیا۔آپ تمام علوم پر تسلط رکھتے تھے،چھٹی بالکل نہیں کرتے تھے۔فرمایا کرتے تھے طالب کا وقت ضایع کیا تو ہم سے باز پرس ہو گی۔ہر محفل میں تربیت کرتے تھے۔آپ نے پندرہ سال کلیۃ القضاء میں تدریس کی۔

## ولادت باسعادت حضرت امام حسن مجتبیٰؑ کی مناسبت سے سکردو میں محفل مشاعرہ



بزم علم وفن سکردو کے زیر اہتمام جشن ولادت باسعادت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی مناسبت سے سحر ہاؤس سکردو میں شعر و ادب کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کی صدارت اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی سید امجد زیدی نے کی جبکہ مہمان خصوصی حجۃ الاسلام شیخ ذوالفقار انصاری تھے۔

بلتستان کے معروف شعرائے کرام فرمان خیال، وزیر احمد، رضا بیگ گھائل، ابراہیم جعفری، علی موسی برہان، حاجی سنبل اور کاظم اثر شگری سمیت دیگر حضرات نے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے حضور نذرانہ عقیدت پیش کیا اور بلتستان کے مشہور قصیدہ خوانوں نے بھی گلہائے عقیدت نچھاور کئے۔محفل کے مہمان خصوصی حجۃ الاسلام ذوالفقار علی انصاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امام حسن علیہ السلام کی زندگی ہمارے لئے بہترین مشعل راہ ہے۔امام علیہ السلام کا فرمان ہے کہ اگر آپ عابد بننا چاہتے ہیں تو خدا نے جن چیزوں کو حرام قرار دیا ہے ان سے اجتناب کریں، بے نیاز ہونا چاہتے ہیں تو اللہ کی تقسیم پر راضی رہیں اور اگر مسلمان بننا چاہتے ہیں تو اپنے ہمسائے کو اذیت و آزار پہنچانے سے اجتناب کریں۔

آخر میں صدر محفل سپیکر جی بی اسمبلی امجد زیدی نے اپنی عزت افزائی پر بزم علم وفن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں آج اس منزل پر فائز ہوں تو یہ اہل بیت علیہم السلام کے ذکر کی بنا پر ہوں۔

## رمضان المبارک ضیافت الٰہی کا مہینہ ہے، ناظم اعلیٰ جامعۃ المنتظر لاہور



ناظم اعلیٰ جامعۃ المنتظر لاہور حجت الاسلام والمسلمین سید مرید حسین نقوی نے رمضان المبارک کی آمد پر تمام عالم اسلام اور اہل وطن کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا ایسا مہینہ ہے جس میں ہم اپنے خالق کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے حلال کاموں سے بھی ایک مخصوص وقت کے لئے اجتناب کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو جس سنگین صورت حال کا سامنا ہے اس کی اصلاح کا ایک ذریعہ تطہیر نفس ہے۔اگر ماہ مبارک رمضان میں تطہیر نفس کے عمل کو خلوص اور محنت سے انجام دیا جائے تو آفاق کے در کھل سکتے ہیں اور رحمتوں کا نزول ہوسکتا ہے اور خدا کی مدد کا حصول یقینی ہے۔

## ہماری یہ مائیں بہنیں سڑک پر بیٹھی ہیں، جو ہمارے لئے تکلیف دہ ہے

شیعہ علماء کونسل سندھ کے رہنماء حجۃ الاسلام مولانا ناظر عباس تقوی نے کہا ہے کہ بائیس دن سے مائیں بہنیں اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے دھرنے پر بیٹھی ہیں، ریاست مدینہ کے والی کہاں ہیں، کہاں ہیں ان کے وزیر، کون ان ماؤں اور بہنوں کی بات سنے گا۔انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ جو اس ملک میں آئین کے اندر رہ کر مطالبات کرے، اس کی کوئی بات نہیں سنتا لیکن جو لٹھ لے کر باہر نکلے گا، ان کی بات بھی سنی جاتی ہے اور ان سے معاملات بھی طے کئے جاتے ہیں۔

مزار قائد کے باہر احتجاجی دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایس یو سی سندھ کے رہنماء نے کہا کہ اکیس رمضان کیلئے بھی پالیسی بنالی گئی ہے، ہم مسلسل کہہ رہے کہ لاپتہ افراد کو سامنے لایا جائے۔

مولانا ناظر عباس تقوی نے کہا کہ ہماری یہ مائیں بہنیں سڑک پر بیٹھی ہیں، جو ہمارے لئے تکلیف دہ ہے، آپ کے وزراء نے کہا تھا کہ ہم اس مسئلے کو حل کریں گے۔

## فیصل آباد میں ایک "کرسچن" نے مذہب حقہ قبول کرلیا

فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے اس نومسلم نے مسلمان ہونے کے بعد اپنا نیا نام محمد ندیم اقبال رکھا۔

نومسلم محمد ندیم اقبال نے علی مسجد وامام بارگاہ فیصل آباد میں مولانا وجاہت حسین گھلو کے سامنے کلمہ پڑھ کر شہادت دی اور اسلام قبول کرنے کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے خطیب علی مسجد وامام بارگاہ فیصل آباد مولانا وجاہت حسین گھلو نے کہا کہ اسلام دنیا کا واحد مذہب ہے جو شروع سے اپنی حقیقی شکل وصورت میں برقرار ہے اور زندگی کے تمام شعبوں میں قیامت تک آنے والے انسانوں کی رہنمائی کرتا ہے۔

محمد ندیم اقبال نے کہا کہ میں نے واقعہ کربلا سے متاثر ہوکر اسلام اور قرآن مجید کا مطالعہ کیا اور اسی سے متاثر ہوکر ارادہ کیا کہ اسلام قبول کروں اس لیے علی مسجد وامام بارگاہ فیصل آباد آیا ہوں اور اسلام قبول کرنے کے بعد خود کو خوش قسمت تصور کررہا ہوں۔

## وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات سابقہ پروگرام کے مطابق منعقد کرنے کا فیصلہ

وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے مرکزی دفتر سے جاری ایک نوٹس میں کہا گیا ہے کہ وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے سالانہ امتحانات اپنے مقررہ وقت پر منعقد ہونگے۔اس اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ عزیز طلباء وطالبات کے تعلیمی مفاد کے پیش نظر وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے مسئولین محترم نے سالانہ امتحانات سابقہ پروگرام کے مطابق 22 سے 25 مئی 2021 کو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

تفصیلات کے مطابق، امتحانات کے متعلق دیگر تفصیلات کرونا کے بارے میں حکومتی ہدایات کے مطابق طے کی جائیں گی اور داخلہ فارم سنگل فیس کے ساتھ 5 مئی 2021 تک بھیجے جا سکتے ہیں۔فیس ڈاکخانہ سے بذریعہ منی آڈر بھیج کر رسید ارسال کریں یا دفتر میں نقد جمع کرواکر رسید حاصل کریں۔

# قرآن مجید کی ہدایت پوری دنیا اور عالم بشریت کیلئے ہے، رہبر معظم انقلاب اسلامی

ماہ مبارک رمضان کی پہلی تاریخ کو رہبر انقلاب اسلامی کی موجودگی میں آن لائن قرآنی محفل منعقد ہوئی جس میں ایران کے ممتاز قاریوں اور حافظوں نے قرآن پاک تلاوت کا شرف حاصل کیا۔ اس قرآنی محفل کے اختتام پر رہبر انقلاب اسلامی نے ماہ مبارک رمضان کی آمد پر پوری امت اسلامیہ کو مبارکباد پیش کی اور ہدایت قرآنی کے موضوع پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ ماہ مبارک کی متعدد فضیلتوں کے درمیان خداوند عالم اس مہینے میں نزول قرآن کی طرف اشارہ کرتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ماہ رمضان کی یہ فضیلت سب سے زیادہ ہے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ اس فضیلت کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ قرآن کو اللہ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے نازل کیا ہے اور قرآن کا آغاز بھی ہدایت قرآنی سے ہی ہوا ہے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے فرمایا کہ قرآن کے ذریعے ہونے والی ہدایت کسی خاص طبقے یا دور کے لئے نہیں ہے بلکہ



پوری بشریت کے لئے ہے اور یہ قرآن انسان کی زندگی کے تمام شعبوں میں اس کی ہدایت کرتا ہے۔

# آیت اللہ اعرافی کی جانب سے آیت اللہ حافظ ریاض کو تعزیتی پیغام

ایرانی دینی مدارس کے سربراہ اور امام جمعہ شہر قم آیت اللہ علی رضا اعرافی نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے سربراہ آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کی ہمشیرہ کے انتقال پر تسلیت پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی متقی و پرہیزگار ہمشیرہ محترمہ سیدہ زکیہ نقوی کے انتقال پر افسوس اور دکھ ہوا اور اس مصیبت پر آپ سمیت مرحومہ کے اہل خانہ کی خدمت میں تسلیت پیش کرتے ہیں اور خداوند عالم سے مرحومہ کی بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر واجر کی دعا کرتے ہیں۔

# رمضان کا بابرکت مہینہ باہمی ہمدردی اور مخلصانہ تعاون کا موسم ہے، آیت اللہ شب زندہ دار

حوزہ علمیہ کی سپریم کونسل کے ممبر آیت اللہ محمد مہدی شب زندہ دار نے رہبر معظم انقلاب کے دفتر قم سے متصل حسینیہ امام خمینیؒ میں درس اخلاق دیتے ہوئے دنیا کے تمام مسلمانوں کو ماہ مبارک رمضان کی آمد پر مبارک باد دی۔ انہوں نے اپنے درس میں پیغمبر اکرم ﷺ اور ائمہ اطہار علیہم السلام کی سیرت کے متعلق کہا کہ ماہ مبارک رمضان کی آمد کے ساتھ ساتھ یہ عظیم ہستیاں لوگوں کو اس ماہ کی خصوصیات و امتیازات اور برکات یاد دلاتی تھیں۔

انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ کی کسی بھی نعمت سے استفادہ کرنے کا انحصار اس نعمت کے پہچاننے پر ہے۔ اگر انسان کو کسی نعمت سے آشنائی نہ ہو تو اس کو استعمال کرنے یا اس سے فائدہ اٹھانے کا کوئی شوق نہیں ہوگا۔

حضور اکرم ﷺ اور ائمہ معصومین علیہم السلام ہمیشہ اپنی گفتار کے ذریعے یہ کوشش کرتے تھے کہ خدا کے بندوں کے دلوں کو دنیوی چیزوں سے دور کریں اور ان کے بجائے روحانیت کی طرف رغبت و رجحان کو دنیوی امور کا نعم البدل قرار دیں۔



# بحرین کے شیعہ عالم دین کی بھوک ہڑتال

بحرین کے شہر "جو" کی سینٹرل جیل میں 10 سال سے قید حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ المحروس نے زیادہ آزار و اذیت پہنچانے اور علاج کی سہولت سے محروم رکھنے پر احتجاجا بھوک ہڑتال کی ہے۔ شیخ المحروس کو بحرین کی فوجی عدالت نے مسئلہ "اتحاد برائے جمہوریت" سے روابط کی بناء پر 15 سال قید کی سزا دی تھی جس میں سے پانچ سال باقی رہ گئے ہیں۔

# آیت اللہ حافظ ریاض نجفی کی ہمشیرہ کے لیے مجلس ترحیم کا انعقاد/ اسلام کی ترویج وترقی حضرت خدیجہ (س) کی قربانیوں کی مرہون منت ہے، حجۃ الاسلام غضنفر حیدری

حوزہ علمیہ امام المنتظر عج میں وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے صدر آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کی ہمشیرہ کے لیے منعقدہ مجلس ترحیم سے خطاب کرتے ہوئے حجۃ الاسلام غضنفر حیدری نے حضرت بی بی خدیجہ کی زندگی اور ان کی اولاد کے بارے میں گفتگو کی۔

انہوں نے کہا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تین اولادیں حضرت قاسمؑ، حضرت عبداللہؑ اور حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا ہیں جبکہ ایک بیٹا حضرت ابراہیم جناب ماریہ قبطیہ کے بطن سے ہے۔ انہوں نے حضرت خدیجہؑ کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ عظیم خاتون ہیں جو ملیکۃ العرب اور سیدۃ القریش کہلاتی ہیں۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا بہت مالدار خاتون تھیں جن کا مال اسلام کی راہ میں خرچ ہوا۔ پیغمبر اکرم ﷺ پر مشکلات آئیں تو حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے ایک مضبوط پہاڑ کی طرح آپ کی پشت پناہی کی۔ حضرت خدیجۃ وہ پہلی خاتون ہیں جس نے پیغمبر اکرم کی تصدیق اور ان پر ایمان لانے میں سبقت کی۔ جب حضرت خدیجہ کا وقت وفات قریب آیا تو آپ نے پیغمبر اکرم کو وصیت کی کہ مجھے اسی عبا کا کفن دینا جس میں آپ پر وحی نازل ہوئی۔



# متحدہ علماء فورم جی بی کی جانب سے قم المقدس میں "جشن بلوغت" کا اہتمام

متحدہ علماء فورم گلگت بلتستان کی جانب سے قم المقدسہ میں اس سال بالغ ہونے والے بچوں اور بچیوں کے لئے جشن بلوغت کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں سینکڑوں بچوں اور بچیوں نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں شرکت کروانے والے بچوں کو نفیس انعامات سے نوازا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت قاری وحید صاحب نے حاصل کی۔ نظامت کے فرائض ناظم پروگرام حجۃ الاسلام والمسلمین سید محمد باقر کاظمی نے انجام دئے۔ اس نورانی تقریب سے استاد حوزہ مولانا ڈاکٹر محمد حسن فائزی نے خطاب کیا۔

واضح رہے کہ جشن عبادت (بلوغت) بچوں کیلئے بلوغت کے حوالے سے منایا جاتا ہے جس دوران ان کو عبادات کے احکام اور طریقے سکھائے جاتے ہیں۔


# رہبر انقلاب اسلامی کے نام سید حسن نصر اللہ کا تعزیتی پیغام

سپاہ قدس کے ڈپٹی کمانڈر کے انتقال پر حزب اللہ کے سربراہ سید حسن نصر اللہ نے رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے نام اپنے ایک پیغام میں تعزیت پیش کی ہے۔ المنار کی رپورٹ کے مطابق رہبر انقلاب اسلامی کے نام اس پیغام میں آیا ہے کہ ایک ایسے وقت جب جہاد اپنے عروج پر ہے اور استقامتی محور کو ان کے وجود کی ضرورت ہے، ان کا چلا جانا ہمارے لئے غم واندوہ کا باعث ہے۔ سید حسن نصر اللہ نے جنرل حجازی کو اپنا ایک بڑا بھائی اور مضبوط بازو قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہر اعتبار سے مثالی تھے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل حجازی علاقے اور استقامتی محاذ کے لئے ان سخت اور فیصلہ کن برسوں میں جنرل شہید قاسم سلیمانی کے ایک مخلص دوست اور ساتھی تھے۔

سید حسن نصر اللہ نے سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی کے سربراہ جنرل حسین سلامی اور سپاہ قدس بریگیڈ کے کمانڈر جنرل اسماعیل قانی کے نام بھی علیحدہ علیحدہ تعزیتی پیغام بھیجے گئے ہیں۔

# وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی امام رضا علیہ السلام کے روضے پر حاضری

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ایران کے شہر مشہد مقدس میں پہنچتے ہی سب سے پہلے حرم امام رضا علیہ السلام میں حاضری دی۔ انہوں نے حرم مطہر کی زیارت کے بعد حرم کے سجادہ نشین سے ملاقات کی۔ پاکستان کے سفیر بھی اس ملاقات میں شاہ محمود قریشی کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے حرم مطہر کی زیارت کے بعد ایران کے معروف شاعر فردوسی کی قبر پر بھی حاضری دی۔



# علامہ عون نقوی ملت جعفریہ کا عظیم سرمایہ تھے

مدیر دفتر قائد ملت جعفریہ پاکستان شعبہ قم حجۃ الاسلام سید ظفر علی شاہ نقوی نے کراچی کے معروف عالم دین، جعفریہ الائنس پاکستان کی سپریم کونسل کے رکن علامہ عون محمد نقوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علامہ عون نقوی ملت جعفریہ کا عظیم سرمایہ تھے جنہوں نے وحدت اور یکجہتی کے لئے بے پناہ جدوجہد کی ہیں اور ملت جعفریہ تا دیر ان کی خدمات کو یاد رکھے گی۔

# صلح امام حسنؑ، امامؑ کی زندگی کا ایک پہلو ہے جبکہ آپ کی پوری زندگی مسلمانوں کے لئے اسوہ ہے، علامہ سید محمد حسن نقوی



مدرسہ الامام المنتظر قم ایران کے پرنسپل حجت السلام والمسلمین علامہ سید محمد حسن نقوی نے یوم ولادت حضرت امام حسنؑ کے موقع پر کہا کہ امام حسن علیہ السلام جوانان جنت کے سردار ہیں۔ آپ کے علم، حلم، جلالت اور کرامت میں عکس رسول اکرمؐ واضح طور پر نظر آتا ہے۔ آپ نے جس انداز میں ظاہری زندگی بسر فرمائی اور امن و اخوت اور صلح و محبت کی لاثانی روایات قائم کیں ان سے سیرت رسولؐ کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امام حسن علیہ السلام جب منصب امامت پر فائز ہوئے تو امت مسلمہ کے کئی پیچیدہ معاملات آپ کے سامنے تھے، جنہیں آپ نے انتہائی بصیرت اور سمجھداری کے ساتھ حل کیا، امام علی (ع) کی سیرت کے مطابق آپ ظالموں سے جہاد کرتے رہے اور مظلوم کے مددگار بنے رہے، صلح امام حسنؑ، امام کی زندگی کا ایک پہلو ہے جبکہ آپ کی پوری زندگی مسلمانوں کے لئے اسوہ ہے، تاہم بدقسمتی سے امامؑ کے نقوش زندگی تاحال پنہاں ہیں جبکہ صلح کا پہلو بھی ایک تشنہ طلب موضوع ہے۔

## ہندوستان میں کورونا کی بگڑتی صورتحال، تمام امام بارگاہوں کو کورونا مریضوں کیلئے کھولے جانے کا فیصلہ



ہندوستان میں عالمی کورونا وباء کی تباہ کاریاں شدت اختیار کر گئی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہندوؤں کے مذہبی کنب کے میلے میں عوامی بڑی تعداد کی شرکت اور ایس او پیز کی مکمل خلاف ورزی کے نتیجے میں ہندوستان میں کورونا بے قابو ہو چکا ہے۔ ہندوستان میں کورونا سے ہزاروں افراد جاں بحق جبکہ لاکھوں متاثر ہیں، کورونا سے ہندوستان کے ہندو اکثریتی علاقے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ اس بھیانک صورت حال میں مجلس علمائے ہند کے سربراہ مولانا سید کلب جواد نقوی نے اہم اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہندوستان میں قائم تمام امام بارگاہوں کو کورونا سے متاثرہ مریضوں کے لئے قرنطینہ سینٹرز میں تبدیل کر دیا جائے گا جبکہ امام بارگاہوں کی ٹرسٹ کو ملنے والی امداد اور عطیات کورونا متاثرین کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے گی۔

## اہل بیتؑ عالمی اسمبلی کی جانب سے آیت اللہ حافظ ریاض حسین نجفی کو تعزیت



اہل بیت (ع) عالمی اسمبلی نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے سربراہ اور اہل بیتؑ عالمی اسمبلی کے رکن حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کی ہمشیرہ کے انتقال پر تسلیت پیش کی ہے۔ ڈاکٹر محمد جواد زارعان نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ آپ کی ہمشیرہ محترمہ سیدہ زکیہ نقوی کے انتقال پر افسوس اور دکھ ہوا اور اس نقصان پر آپ سمیت مرحومہ کے اہل خانہ کی خدمت میں تسلیت پیش کرتے ہیں اور خداوند عالم سے مرحومہ کی بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر و اجر کی دعا کرتے ہیں۔

## بین المذاہب و مسالک ہم آہنگی عوام میں اتحاد و وحدت اخوت کے پیغام کو عام کرنے کا بہترین پلیٹ فارم ہے



حکومت آسٹریلیا نے ہمیشہ مذہبی تہوار منانے میں مثبت کردار ادا کرتے ہوئے تمام مذاہب کو برابر کے حقوق دیے۔ تمام مذاہب کے رہنما حکومت آسٹریلیا کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو عناصر فرقہ واریت اور شدت پسندی کو دنیا میں ہوا دے رہے ھیں ان کی بھرپور مذمت کرتے ھیں۔

ملک پاکستان میں مکتب تشیع کے نوجوانوں کی مسلسل گمشدگی اور تاحال بازیابی ریاست پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔

یہ بات امام جمعہ ملبرون حجت الاسلام علامہ اشفاق وحیدی نے ایک افطار ڈینز میں تمام مذاہب و مسالک پر مشتمل ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔

انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا واحد ریاست ہے جس میں تمام مذاہب کے تہوار آزادی سے منائے جاتے ہیں تمام مذاہب کے رہنما ہمیشہ حکومت اسٹریلیا سے کے ساتھ کھڑے نظر آتے ہیں۔ تمام کے مقدسات اور عبادات کا اگر احترام کرنے کا عوام کے اندر شعور دیا جائے تو بہترین ماحول بن سکتا ہے۔ علامہ اشفاق وحیدی نے کہا کہ جن مما لک میں شدت پسندی، انتہا پسندی اور فرقہ واریت جیسا ماحول ہے وہ مما لک ہمیشہ معاشی بحران میں مبتلا رہے اور ریاست روز بروز کمزور اور غیر مستحکم نظر آتی ہیں۔ علامہ اشفاق وحیدی نے مسنگ پرنس کے حوالے سے اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک پاکستان میں گمشدہ نوجوانوں کے لواحقین کئی دنوں سے ان کی بازیابی کے لیے سڑکوں پر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن حکومت اور حکومتی اداروں ان کی مدد کرنے میں بے بس نظر آتے ہیں اور ہم مطالبہ کرتے ہیں عالمی اداروں انسانی حقوق کی تنظیمیں سے کہ گمشدہ نوجوانوں کی بازیابی کے لیے ان کے لواحقین کی مدد کریں۔

## حرم حضرت معصومہ (س) میں عشرہ رحمت، عشرہ مغفرت، عشرہ نجات کے عنوان سے ماہ مبارک رمضان کی محافل و مجالس کا انعقاد

دفتر قائد ملت جعفریہ پاکستان شعبہ خدمت زائرین قم کی جانب سے ماہ مبارک رمضان میں روضہ معصومہ قم (س) میں عشرہ رحمت، عشرہ مغفرت، عشرہ نجات کے عنوان سے ماہ مبارک رمضان کی محافل و مجالس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، بعد نماز مغربین دارالتلاوہ حرم مطہر میں عشرہ رحمت کی 9 ویں مجلس عزاء کا آغاز کلام مجید کی تلاوت سے مولانا سید ابرار شاہ نے کیا۔ جن مومنین نے ان مجالس میں تعاون کیا ان تمام کے مرحومین کی بخشش و مغفرت کے لیے اجتماعی قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ مجلس سے مولانا فیصل رضا عسکری نے رحمت و حضرت خدیجہ کبری نہج البلاغہ کی نظر میں کے موضوع پر خطاب کیا۔


## مسئلہ فلسطین امت مسلمہ کا مسئلہ ہے، آزادی القدس کانفرنس




امامیہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام ہوٹل مہران میں منعقدہ آزادی القدس کل جماعتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے اختلافات ختم کر کے مسئلہ فلسطین کو سرکاری سطح پر منانے کے حق میں آواز بلند کریں، مسئلہ فلسطین امت مسلمہ کا مسئلہ ہے۔

پاکستان سمیت تمام مسلم مما لک مقبوضہ فلسطین کی آزادی کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں، کانفرنس میں رہنما تحریک انصاف و پارلیمانی سیکرٹری آفتاب جہانگیر، پیپلز پارٹی کے سینیٹر تاج حیدر، رہنماء ایم کیو ایم ڈاکٹر فاروق ستار، مرکزی صدر آئی ایس او عارف حسین الجانی، اے این پی کے رہنماء یونس بونیری، پی ایس پی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر یاسر، ایم ڈبلیو ایم کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ناصر عباس شیرازی، مولانا احمد اقبال رضوی، امت واحدہ پاکستان کے سربراہ مولانا امین شہیدی، شیعہ ایکشن کمیٹی کے رہنماء علامہ مرزا یوسف حسین، شیعہ علماء کونسل سندھ کے صدر علامہ ناظر تقوی، جمعیت علمائے پاکستان کے رہنما قاضی احمد نورانی، علامہ باقر زیدی، فلسطین فاؤنڈیشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل صابر ابومریم، سابق رکن قومی اسمبلی قمر عباس، جعفریہ الائنس کے رہنماء شبر رضا، ڈاکٹر عالیہ امام، رہنماء (ن) لیگ اظہر ہمدانی، پاکستان عوامی تحریک کے مرکزی رہنماء راؤ کامران، فنکشنل لیگ کے رہنماء سلمان فیاض، بابر جہانگیر و دیگر سیاسی و مذہبی رہنماؤں شامل تھے۔

## بغداد کے کورونا اسپتال میں ہونے والے دھماکے سے 82 مریض جاں بحق کئی زخمی



بغداد کے کورونا اسپتال میں دھماکے اور درجنوں مریضوں کے جاں بحق اور زخمی ہو جانے کے نتیجے میں عراق کے وزیراعظم کی جانب سے تین روز کے عام سوگ کے اعلان کے بعد عراق کے صدر برہم صالح نے بغداد کے ابن الخطیب اسپتال میں ہونے والے دھماکے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے

ارنا کی رپورٹ کے مطابق بغداد کے ابن الخطیب اسپتال کو کورونا کے مریضوں کیلئے مختص کیا گیا تھا اور یہ دھماکہ اسی اسپتال میں ہوا۔ دھماکے میں اس اسپتال میں کام کرنے والے طبی عملے کے بھی کئی افراد جاں بحق و زخمی ہوئے ہیں۔

عراق کے صدر برہم صالح نے بغداد کے ابن الخطیب اسپتال میں ہونے والے دھماکے کی وجہ کے بارے میں فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ عراق کے صدر برہم صالح نے ایک بیان میں اسپتال میں ہونے والے دھماکے پر اپنے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کا دھماکہ عراق کی قومی سلامتی کے نقصان میں ہے جو ہماری ناکامی کا مظہر ہے عراق کے وزیراعظم مصطفی الکاظمی نے بھی اپنے بیان میں اسی قسم کا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سلسلے میں فوری طور پر تحقیقات کئے جانے کی ضرورت ہے۔

# ہم چاہتے ہیں دنیا کے کسی ملک میں نبی (ص) کے شان میں گستاخی نہ ہو، وزیر اعظم عمران خان

وزیر اعظم عمران خان نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر قوم سے خطاب کرنے کا فیصلہ کیا، یہ واحد ملک ہے جو اسلام کے نام پر بنا ہے، ہمارے نبی (ص) لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں اس لیے دنیا میں کہیں بھی ان کی شان میں گستاخی ہوتی ہے تو ہمیں تکلیف ہوتی ہے اور صرف ہمیں نہیں بلکہ دنیا بھر میں مقیم مسلمانوں کو ہوتی ہے۔

وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پچھلے ہفتے ایک جماعت نے یہ دکھانے کی کوشش کی کہ انہیں شاید دوسروں مسلمانوں سے زیادہ پیغمبر اکرمؐ پیار ہے لیکن میں آپ لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ جو مقصد ان کا ہے وہی میرا اور میری حکومت کا مقصد ہے، ہم بھی چاہتے ہیں دنیا کے کسی ملک میں نبی (ص) کے شان میں گستاخی نہ ہو۔ وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ صرف ہمارے اور ان کے طریقہ کار میں فرق ہے، ہم جب سے حکومت میں آئے ہیں ہم تب سے کوشش کررہے ہیں کہ ہمارے نبی (ص) کی شان میں گستاخی نہ ہو، تحریک لبیک پاکستان یہ کہہ رہی ہے کہ فرانس سے تعلقات ختم کرکے ان کے سفیر کو واپس بھیجا جائے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ فرانس کے سفیر کو نکال کر یہ مقصد حاصل نہیں کیا جاسکتا، کیا گارنٹی ہے کہ سفیر کو واپس بھیجنے سے دوبارہ گستاخی نہیں ہوگی، بلکہ کوئی دوسرا یورپی ملک اس معاملے کو آزادی اظہار کا معاملہ بنا کر ایسا ہی کرے گا۔



## وزیر اعلیٰ سندھ کا علامہ عون محمد نقوی کے انتقال پر اظہار تعزیت

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مولانا عون نقوی کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کے خاندان سے دلی تعزیت کی ہے۔ انہوں نے اللہ تعالی سے دعا کی کہ وہ مرحوم کی روح کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو اس ناقابلِ تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

یاد رہے معروف عالم دین حجۃ الاسلام سید عون محمد نقوی 56 سال کی عمر میں مختصر علالت کے باعث کراچی میں انتقال کر گئے ہیں۔

رپورٹ کے مطابق مرحوم چند روز سے مقامی ہسپتال میں زیر علاج تھے۔

مولانا عون محمد نقوی کا تعلق سندھ کے شہر خیر پور میرس سے تھا، آپ نے سلطان المدارس سے تعلیم حاصل کی وہ نوجوانی ہی میں کراچی منتقل ہو گئے تھے اور یہاں تعلیم کے بعد دینی خدمات شروع کردی تھیں۔

آپ معروف خطیب کے ساتھ ساتھ 10 سے زائد کتابوں کے مصنف بھی تھے۔ آپ نے 2 بیٹوں اور تین بیٹیوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔

## ایران پاکستان تعلقات: 6 مشترکہ سرحدی منڈیوں کے قیام کے سمجھوتے پر دستخط

مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب بدھ کو تہران میں دفتر خارجہ میں منعقد ہوئی۔ ایران کے وزیر خارجہ محمد جواد ظریف اور پاکستان کے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ مفاہمت کی اس یادداشت کے تحت دونوں ممالک مشترکہ سرحدی منڈیوں کے قیام میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں گے جس سے سرحدوں کے دونوں جانب آباد لوگوں کی معیشت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔



ایران اور پاکستان نے پہلے مرحلے میں "کوہک-چدگی"، "ریمدان-گبد" اور "پیشین-مند" سرحد پر تین منڈیوں کے قیام پر اتفاق کیا ہے جبکہ تین دیگر سرحدی منڈیوں کے قیام اور ان کے مقام کے بارے میں فیصلہ باہمی صلاح و مشورے سے کیا جائے گا۔

## پاکستان نے اقوام متحدہ کے 3 اہم اداروں کی رکنیت حاصل کرلی

دفتر خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے بیان کے مطابق پاکستان نے ایک اور اعزاز حاصل کرلیا ہے اقوام متحدہ نے پاکستان کو 3 اداروں کی رکنیت دے دی ہے۔

ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے جرائم کی روک تھام، خواتین سے متعلق کمیشن اور پاپولیشن اینڈ ڈویلپمنٹ کمیشن کی رکنیت حاصل کی ہے، اور پاکستان تینوں کمیشنز کی رکنیت یکم جنوری 2022 سے سنبھالے گا، کمیشن مختلف معاشی اور معاشرتی امور پر بین الاقوامی کردار ادا کرتے ہیں۔



## کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کیلئے فوج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری

وزیر داخلہ شیخ رشید نے ایک بیان جاری کیا جس میں ان کا کہنا تھا کہ 23 اپریل کو این سی سی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ کورونا وائرس کی بگڑتی صورتحال اور عوام کو ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کے لئے فوج کی خدمات لی جائیں، وہ فوج جس نے ہمیشہ سیلاب، زلزلے اور آفات میں اپنے ملک اور قوم کی خدمت کی اور ساتھ کھڑی رہی۔

شیخ رشید کا کہنا تھا کہ وزارت داخلہ نے کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کیلئے فوج کی خدمات حاصل کرنے کی اجازت کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتیں اپنی اپنی ضرورت کے مطابق ایس او پیز پر عملدرآمد کے لئے پاک فوج سے مدد لے سکیں گی، تاہم نوٹیفکیشن میں فی الحال سندھ شامل نہیں ہے۔



## اسلامی تعلیمات کو کسی صورت نصاب سے نہیں نکالا جا سکتا، پرویز الٰہی

سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ تعلیمی نصاب تعلیم سے اسلامی تعلیمات اور تاریخ نکالنے کی اقلیتی کمیشن کی سفارشات نہایت نامناسب ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات کو کسی صورت نصاب سے نہیں نکالا جا سکتا۔ چودھری پرویز الٰہی سے وزیر اعظم کے نمائندہ خصوصی برائے مذہبی ہم آہنگی طاہر اشرفی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر چودھری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ پنجاب اسمبلی سے پاس کردہ ایکٹ پر سیاسی و مذہبی جماعتوں اور اقلیتی ارکان کے دستخط موجود ہیں، ملک اسلام کی وجہ سے قائم ہے۔ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت اسلام، آئین اور ریاست پاکستان کی ذمے داری ہے، ملک کی اکثریت کے حقوق کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔

حافظ طاہر اشرفی اور چودھری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ نظریہ پاکستان اور فکر پاکستان کیخلاف کوئی بھی قدم پاکستان کی اساس اور کلمہ طیبہ کے پرچم کے نیچے جدوجہد کیخلاف ہوگا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ پنجاب اسمبلی سے پاس کردہ ایکٹ پر تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور اقلیتی ارکان کے دستخط موجود ہیں، لہٰذا اسلامی کتب میں شامل شریعت اسلامیہ اور تاریخ اسلام سے اقلیتوں کو کوئی خطرہ لاحق نہیں، اللہ رب العالمین ہے اور رسول کریم (ص) رحمۃ للعالمین ہیں، تاریخ پاکستان اسلام اور اس کیلئے جدوجہد کرنیوالے اکابرین کیساتھ وابستہ ہے، یہ ملک اسلام کی وجہ سے قائم ہے، اسلامی تعلیمات کو کسی صورت نصاب سے نہیں نکالا جا سکتا۔



## حکومت کا توہین آمیز خاکوں کے خلاف متفقہ قرارداد لانے کا فیصلہ

حکومت نے مغربی ممالک میں جاری توہین آمیز خاکوں کے خلاف متفقہ قرارداد قومی اسمبلی میں لانے کا فیصلہ کیا ہے، قرارداد حکومت اور اپوزیشن کے تمام ارکان کے دستخطوں کے ساتھ قومی اسمبلی میں پیش کی جائے گی۔



ذرائع کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے اسپیکر آفس کے ذریعے اپوزیشن چیمبر سے رابطہ کیا گیا ہے، بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں معاملے پر غور اور حتمی مسودہ مرتب کیا جائے گا، بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں تمام پارلیمانی لیڈرز کے دستخطوں سے مسودہ تیار کیا جائے گا۔

ذرائع کے مطابق کمیٹی اجلاس سے قبل اپوزیشن رہنماؤں کو آگاہ کیا جائے گا۔

# پاکیزہ اور صالح معاشرے کے قیام کیلئے سیدہ کائنات کی سیرت ایک درخشاں باب ہے، ہما اسماعیل

منہاج القرآن ویمن لیگ ملتان کی ضلعی صدر ہما اسماعیل نے سیدہ کائنات حضرت فاطمۃ الزہرا کے یومِ وصال (اہلسنت روایات کے مطابق) کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے سیدہ کائنات سیدہ فاطمہ الزہرا کو کائنات انسانی میں ایک عظیم شرف سے نوازا ہے۔ آپ شہزادی کونین ہیں، آپ بتول زہرا، شرم وحیا، عفت و پاکدامنی، خداخوفی وخداترسی، تقوی وطہارت، زہدوورع، اخلاق وکردار، پردہ و حجاب، طاعت وبندگی، اتباع ورضاالٰہی کا پیکرجمیل تھیں۔ آپ کی سیرت طیبہ پاکیزہ وصالح معاشرے کے قیام کیلئے ایک درخشاں باب کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ کی سیرت طیبہ ہرزمانے میں مسلم خواتین کیلئے مشعل راہ اور قابل تقلید نمونہ ہے۔ حضور ختمی مرتبت، تاجدار کائنات نے آپ کو اپنے جگر کاٹکڑا قرار دیا ہے۔ آپ نے حسنین کریمین کی بے مثال تربیت سے ثابت کردیا کہ دین کی سربلندی اور بقا کیلئے عورت کا کیا مقام ہے، حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی تاریخ سیدہ کائنات کے احسانات کا بدلہ نہیں اتار سکتی۔ ہماری گردنیں سیدہ کائنات کے در پر جھکی ہوئی ہیں، منہاج القرآن ویمن لیگ سیدہ فاطمہ الزہرا کی باندیوں کا قافلہ ہے جو اپنے قائد شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی زیرقیادت اپنی عقیدتوں کا خراج پیش کرنے کیلئے سوئے کربلا ومدینہ رواں دواں ہے۔



## حضرت خدیجہ الکبریٰ (س) کی سیرت طیبہ امت مسلمہ کی خواتین کے لئے ایک بہترین نمونہ ہے، سیدہ زہرا نقوی

ام المومنین ، زوجہ رسول خدا(ص) مادر حضرت فاطمۃ الزہرا(س) حضرت خدیجۃ الکبری سلام اللہ علیہا کے یوم وفات کے موقع پر رکن پنجاب اسمبلی سیدہ زہرا نقوی نے اپنے تعزیتی پیغام میں تمام اہل اسلام کی خدمت میں تسلیت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملیکۃ العرب جناب خدیجۃ الکبری سلام اللہ علیہا ایسی بابصیرت و بامعرفت خاتون ہیں جو زمانہ جاہلیت میں بھی آسمانی کتب پر اعتقاد رکھتیں اور خدائے وحدہ لاشریک کی پرستش کرتی تھیں۔

انہوں نے کہا بی بی خدیجہ س وہ عظیم خاتون ہیں جنہوں نے سب سے پہلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کی، اسلام قبول کیا اور اسلام کی پہلی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ادا کی رسول خدؐ نے آپ کو دنیا کی چار بہترین خواتین میں سے قرار دیا آپ کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ آپ تمام عالمین کی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی مادر گرامی اور جوانان جنت کے سردار امام حسن ع وامام حسین ع کی نانی ہیں۔



ان کا کہنا تھا کہ ام المومنین، سیدہ خدیجۃ الکبریٰ عرب کی معزز ترین اور دولت مند خاتون ہونے کے ساتھ ساتھ علم وفضل اور ایمان و ایقان میں بھی نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ آپ کی رفاقت اور غمگساری کو آخری سانس تک نہ بھول پائے اور فرمایا کہ خدیجہ جیسی رفیقہ مجھے کوئی اور نہ ملی۔ حضرت خدیجہ (س) نے دین اسلام کی خاطر حضور اکرم (ص) کے ساتھ ہر قسم کے مصائب وآلام کو جھیلا حضرت خدیجہ الکبریٰ (س) کی سیرت طیبہ امت مسلمہ کی خواتین کے لئے ایک بہترین نمونہ ہے۔

## جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بچوں کی تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے، سائرہ ابراہیم

جوتل گلگت میں مجلس وحدت مسلمین شعبہ خواتین گلگت کی ڈویژنل سیکرٹری تبلیغات محترمہ زیبی حسن کی طرف سے جشن بلوغت پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم ڈبلیو ایم شعبہ خواتین کی مرکزی سیکرٹری یوتھ محترمہ سائرہ ابراہیم نے خصوصی شرکت کی۔

شرکاء جشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہمیں اپنے بچوں کی تربیت پر بہت توجہ دینے کی ضرورت ہے ہمارا دشمن ہماری صفوں میں موجود ہے اور وہ ہماری نوجوان نسل کو ذہنی طور پر کمزور کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کے ماؤں کو چاہیے کے وہ حالات سے باخبر رہیں اور اپنے بچوں کی تربیت عصر حاضر کے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کریں۔

انہوں نے کہا کے دشمن جس تیزی سے مختلف شکلوں میں ہماری نوجوان نسل کو تباہی کے دہانے پر لے جانے کی تیاری کر چکا ہے ہم کو بھی اسی تیزی سے اپنے بچوں کو بچانا ہوگا۔ البتہ بچوں کو انٹرنیٹ کے استعمال سے روکا نہی جا سکتا لیکن ان کو اس کا بہتر اور مثبت استعمال ضرور سکھایا جاسکتا ہے جس کو وہ اپنی طاقت بنا سکتے ہیں۔

پروگرام میں خواتین سے خطاب کرتے ہوئے معاون سیکرٹری شعبہ جوان محترمہ ثوبیہ انور نے روزے کی فضیلت اور اہمیت پر روشنی ڈالی جبکہ محترمہ جنت حور نے احکام تقلید سے متعلق بچوں کو آگاہی دی اختتام میں بچیوں میں تحائف تقسیم کیے گئے۔

## امام حسن (ع) کی پاکیزہ سیرت وعمل ہمارے لئے اسوہ ہے، حرا روحانی

مجلس وحدت مسلمین شعبہ خواتین کی مرکزی سیکرٹری یوتھ محترمہ سائرہ ابراہیم کی جانب سے ولادت امام حسن مجتبی علیہ السلام کے موقع پر زینب کبری اکیڈمی کی بچیوں اور آئی ایس او طالبات گلگت کی خواہران کے لیے دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا۔

اس موقع پر آئی ایس او طالبات گلگت ڈویژن کی صدر محترمہ حرا روحانی نے جشن میلاد سے خطاب کرتے ہوئے امام حسن علیہ سلام کی سیرت وکردار پر روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا امام حسن مجتبی علیہ السلام کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔

محترمہ سائرہ ابراہیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ بہترین معاشرے کی تشکیل کے لیے ہمیں سیرت آئمہ معصومین علیہم السلام کا مطالعہ کرنا چاہیے اور ان کے علم وحکمت پاکیزہ کردار کی روشنی



میں معاشرے کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہیے یہ اہل بیت علیہم سے محبت کا تقاضہ ہے اور ہمارا دینی فریضہ بھی ہے۔

## "اولاد کی اسلامی تربیت" کے موضوع پر شیعہ خواتین کے لئے اردو زبان میں ایک معلوماتی اور مجازی کورس کا انعقاد

مجمع جہانی اہل بیت (ع) کے زیرانتظام اردو زبان سے آشنائی رکھنے والی شیعہ خواتین کے لئے "اولاد کی اسلامی تربیت" کے موضوع پر ایک بین الاقوامی آن لائن کورس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

آج دنیا کے مختلف مما لک کے شیعہ معاشروں میں اسلامی طرز زندگی کے متعلق مباحث کو عام کرنے کی ضرورت ہے، اسی طرح ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل، خاندانی بنیادوں کے استحکام، ایک پرعزم اور ثابت قدم نسل کی تربیت کے لئے حضرات معصومین علیہم السلام کی سیرت طیبہ سے متمسک ہونا بھی نہایت ضروری ہے۔ ان مقاصد کے تحت اس آن لائن تربیتی کورس کے انعقاد کے سلسلے میں مجمع جہانی اہل بیت (ع) کے شعبہ بین الاقوامی امور نے ضروری تیاریاں مکمل کرلی ہیں ۔ یہ پروگرام سائبر سپیس میں اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام ہوگا۔

12 نشستوں پر مشتمل اس کورس کے انعقاد کے لئے ماہ مبارک رمضان کے سنہری مواقع سے استفادہ کیا جائے گا جس کی ٹیچر قم کی ادیان و مذاہب یونیورسٹی سے مطالعات خواتین (ویمن سٹڈیز) میں پی ایچ ڈی کرنے والی خواہر معصومہ جعفری صاحبہ ہوں گی جو مکتب اہل بیت (ع) کی تعلیمات کی روشنی میں تربیت اولاد کے متعلق مختلف ذیلی موضوعات پر ایک گھنٹہ لیکچر دیں گی، جن میں دانشمندی، صبروتحمل، خوداعتمادی، تجسس، بلند ہمتی، اجتماعی کام اور باہمی تعاون، مستقبل کی امید، کام اور فعالیت، مطالعہ کی عادت، جدت ومہربانی اور منصوبہ بندی وغیرہ شامل ہیں۔

## بحرین کی سیاسی فعال خاتون کو آل خلیفہ کی قید سے رہائی مل گئی



"جنبش العمل الاسلامی بحرین" کے شیخ عبداللہ صالح نے اپنے ایک پیغام میں آل خلیفہ کی قید سے سیاسی فعال خاتون "زکیہ عیسیٰ بربوری" کی آزادی پر مبارکباد پیش کی اور ایک دوسرے قیدی" محمد عبدالحسن حبیب" کی صحت وسلامتی کے متعلق تحقیق کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے آل خلیفہ کے ظالمانہ نظام کو ان قیدیوں کی جانوں کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے تمام قیدیوں کی رہائی پر زور دیا۔

# منتظرین کی توبہ کے لیے قیمتی فرصت "ماہ رمضان"

قسط:3



حجت الاسلام والمسلمین علی اصغر سیفی

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے؛ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطھرین (بقرہ آیت 223)

بے شک اللہ تعالی توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

توبہ فوری واجب ہے۔کیونکہ جب ہمیں معلوم ہو چکا ہے گناہ زہر کی مانند ہے اب اگر کسی شخص کو پتہ چلے کہ اس میں زہر سرایت کر گیا ہے تو فورا علاج کرتا ہے کیونکہ اگر تاخیر کرے گا تو زہر سارے بدن میں سرایت کرے گا اور اس وقت پھر علاج مشکل ہو جائیگا اور اگر خدانخواستہ یہ زہر دل تک پہنچ گیا تو قطعا ھلاک ہو جائیگا۔

گناہ بھی ایسے ہے اگر فورا توبہ کے ذریعے اسکا علاج نہ ہوا تو ساری روح کو آلودہ کر دیتا ہے اور ایسا وقت بھی آجاتا ہے کہ اب نہ اللہ کی بات اثر کرتی نہ اللہ کے بندوں کی اور انجام دنیا کی ذلت اور آخرت کا عذاب۔۔۔

توبہ کا اثر ہے کہ اللہ گناہوں کو معاف کر دیتا ہے ان کا اثر زائل ہو جاتا ہے جیسے سورہ تحریم میں ہے توبو آلی اللہ توبۃ۔۔۔ان یکفر عنکم سیئاتکم۔۔

دوسرا اثر پاکیزگی پیدا ہوتی ہے جیسے پہلی آیت میں اللہ نے توبہ اور توبہ کے نتیجے میں پاک ہونے والوں سے محبت کا اظہار کیا۔

تیسرا اثر بھی واضح ہوا کہ اللہ کی محبت شامل حال ہوئی

چوتھا اثر یہ ہے کہ خود توبہ کرنا عبادت بھی ہے اور ثواب عبادت بھی حاصل ہوگا جیسے ہم دیکھتے ہیں آئمہ معصومین علیھم السلام شب و روز استغفار کرتے تھے حالانکہ وہ نہ گناہ کرتے ہیں اور نہ اسکا ارادہ کرتے ہیں تو استغفار بذات خود ایک عمل عبادت ہے خواہ گناہ نہ بھی ہو، ایسا کرنا عبادت الہی شمار ہوتا ہے۔

اس لیے اللہ نے سب کو بشمول معصومین کو حکم توبہ دیا سورہ نور میں دیکھیں: توبوا الی اللہ جمیعا ایھا المؤمنون لعلکم تفلحون۔۔

توبہ کا نتیجہ اور پانچواں اثر سعادت مند ہونا (تفلحون) ہے۔

روایت میں ہے کہ : التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ۔(کافی، ج2،ص435)

جو گناہ سے توبہ کرے اس شخص کی مانند ہے کہ جس نے گناہ ہی نہ کیا ہو۔

کچھ لوگوں کی عادت ہے کہ اکثر و بیشتر ڈاکٹروں کے پاس جاتے ہیں اور اپنا مکمل چیک اپ کرواتے ہیں بلڈ پریشر تو نہیں ہو رہا، شوگر کی کیا کیفیت ہے، خون گاڑھا تو نہیں ہو رہا، بدن میں نامناسب چربی تو نہیں بڑھ رہی، کہیں کوئی زہر تو نہیں بن رہا، دل کی کیا کیفیت۔۔۔اگر کہیں کوئی بیماری کا آغاز ہوتے دیکھیں تو فورا اسے روکیں جلد علاج و پرہیز شروع ہو جاتا ہے۔

روحانی اور معنوی اعتبار سے بھی اپنے آپ کو چیک کرتے رہیں۔

جس طرح جسم کی سلامتی کا اندیشہ ہے اسی طرح روح اور فکر کی سلامتی بھی بہت اہم ہے کسی عالم، استاد اخلاق کے پاس رجوع رکھنا چاہئیے اور اپنے افکار اور روحی حالات وامراض کا چیک اپ بھی کرواتے رہیں اگر کسی روحی بیماری میں مبتلا ہونے کا آغاز ہے تو فوری عالم و استاد اخلاق کے تحت علاج شروع کروایا جائے اس سے پہلے کہ یہ بیماری بڑھ کر لا علاج ہو جائے فوری اس انحراف یا برائی کا علاج ہو۔

جس طرح جسمانی بیماریوں کا علاج نہ کریں تو صحت برباد اور موت کا باعث ہیں اسی طرح روح کی بیماریاں انسان کی معنویت و روحانیت کی تباہی اور آخروی ھلاکت کا باعث ہیں۔

جس طرح جسم کی بیماریاں ختم کرنے کے لیے ماہر ڈاکٹروں کی تلاش میں رہتے ہیں اسی طرح فکر و روح کی بیماریاں ختم کرنے کے لیے بھی ایسے مربی عالم کو ڈھونڈا جائے کہ جو خود حامل تربیت اور تقوی و معنویت کے مقام پر فائز ہو

ہر چیز میں اسکے اھل کو ڈھونڈیں اور اس سے کسب فیض کریں

روایات میں آیا ہے شاہ عبدالعظیم حسنی اپنے افکار و روحانیت کی اصلاح کے لیے امام نقی کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔

پس کوئی انسان کسی منزل و مقام پر ہو اسے مربی و استاد کی ضرورت ہے جس طرح دنیا کے ہر طاقتور شخص کو ڈاکٹر کی ضرورت ہے (جاری ہے)

---

# مرتد وسیم رضوی کا فتنہ تحریف قرآن اور آیات جہاد کو حذف کرنے کی ۲۶ درخواست کا تنقیدی جائزہ (دوسری قسط)



ڈاکٹر طاہرہ بتول مذہبی اسکالر واستاد المصطفی انٹرنیشل یونیورسٹی

عدم تحریف قرآن کے دلائل

ا۔تاریخی شواہد:

قرآن مجید شروع سے ہی سب کی اور خصوصاً مسلمانوں کی توجہ کا مرکز رہا ہے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود محافظ قرآن تھے اور ہمیشہ اس کو حفظ کرنے، لکھنے اور محفوظ رکھنے کی تاکید فرماتے تھے۔مسلمانوں کا بھی یہ فریضہ تھا کہ وہ اس کو لکھیں اور حفظ کریں۔اسی مقصد کے تحت وہ نسخوں کو تیار کرتے اور اپنے گھروں میں صندوق یا کسی مخصوص جگہ میں کپڑوں میں لپیٹ کر محفوظ کر دیا کرتے تھے۔اسی زمانے سے ہی حفظِ قرآن کا رواج پیدا ہوا اور ہمیشہ اسلامی معاشرے میں بہت سے حافظانِ قرآن نے بڑی اہمیت و منزلت پائی ہے۔ اس کے علاوہ قرآن مجید کو مصاحف کی شکل میں مختلف نسخوں میں تحریر اور منظم کر کے اسلامی ملکوں میں وسیع پیمانے پر پھیلا دیا گیا۔

۲۔قرآن مجید کا تواتر:

شبہ تحریف کے باطل ہونے کے دلائل میں سے ایک اہم دلیل قرآن مجید کے تواتر کا بدیہی مسئلہ بھی ہے۔ پورے قرآن کو قبول کرنے کی شرط اس کا متواتر ہونا ہے۔قرآن مجید کو تمام حرکات وسکنات اور حروف و الفاظ میں متواتر رہنا چاہیے یعنی تمام (جمہور مسلمین) نے اس کو ہاتھوں ہاتھ اور سینہ بہ سینہ نقل کیا ہے۔اسی وجہ سے تحریف قرآن کے بارے میں نقل ہونے والی وہ روایات جن میں آیا ہے کہ فلاں جملہ یا فلاں کلمہ قرآن سے تھا چونکہ یہ روایات خبر واحد ہیں اس بنا پر قابل قبول نہیں ہیں اور "لزومِ قرآن" کے قاعدے کی رو سے مردود شمار ہوں گی اور اس قاعدے کا شمار ضروریاتِ دینِ اسلام سے ہوتا ہے اور علماء کا بھی اس پر اتفاق ہے اور بنیادی طور پر اصولی اور کلامی مسائل میں خبر واحد معتبر نہیں ہے۔یہ صرف فرعی اور عملی مسائل میں معتبر ہے۔

۳۔اعجاز قرآن کا مسئلہ:

ایک اور مسئلہ جو شبہ تحریف کی قطعی طور پر نفی کرتا ہے وہ اعجازِ قرآن کا مسئلہ ہے۔ علماء نے اعجاز قرآن کے مسئلہ کو شبہ تحریف کے بطلان پر بہت بڑی دلیل سمجھا ہے کیونکہ قرآن مجید میں اضافہ کا احتمال، جس طرح بعض خوارج نے کہا ہے کہ پوری سورتِ یوسف قرآن مجید میں بڑھا دی گئی ہے کیونکہ یہ ایک عاشقانہ داستان ہے اور قرآن کریم میں اس کی کوئی جگہ نہیں ہے یا قرآن مجید میں کمی کا احتمال، جس طرح بزرگ صحابی عبداللہ ابن مسعود منسوب ہے کہ معوّذتین (سورہ فلق اور سورہ ناس) یہ دونوں مبطل السحر (جادو کا توڑ کرنے والی) ہیں اور قرآن کا جزء نہیں ہیں۔ یہ دونوں احتمال قرآن کے متعلق بالکل منتفی ہیں کیونکہ بڑھانے کا لازمہ قرآن کی مثل لانا ہے۔کیا بشر میں اتنی قدرت ہے کہ وہ قرآن کی مثل لا سکے اس طرح کہ فصاحت و بلاغت، بیان اور مفہوم کے اعتبار سے دونوں میں کوئی فرق نہ ہو؟ ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا کیونکہ پروردگار قرآن مجید میں فرماتا ہے: قُل لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا

آپ کہہ دیجئے کہ اگر انسان اور جنّات سب اس بات پر متّفق ہو جائیں کہ اس قرآن کا مثل لے آئیں تو بھی نہیں لا سکتے چاہے وہ ایک دوسرے کے مددگار اور پشت پناہ ہی کیوں نہ ہو جائیں۔

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ ؛جو کچھ میں نے اپنے بندے (پیغمبر) پر نازل کیا ہے اگر تمہیں اس بارے میں کوئی شک ہے تو اس کا جیسا کوئی ایک سورہ لے آو۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ ؛ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اسے پیغمبر نے اپنی طرف سے گڑھ لیا ہے تو کہہ دیجئے کہ تم اس جیسا کوئی ایک ہی سورہ لے آو۔

ان آیات کو آیات "تحدّی" یعنی چیلنج کہتے ہیں۔پس اگر کسی نے سورت یوسف یا دیگر سورتوں کو گھڑ کے قرآن مجید میں درج کر لیا ہے تو اس کا لازمہ چیلنج کو توڑنا ہے اور یہ امر محال ہے۔

قرآن مجید میں کلمات کی تبدیلی کا احتمال بھی اسی طرح ہے جیسا کہ شیخ نوری سے پہلے سیّد جزائری کا بھی یہی نظریہ تھا۔کیونکہ قرآن مجید کے کلمات اور منظم جملات میں ہر قسم کی تبدیلی اس بات کا باعث بنتی ہے کہ قرآن مجید کی تبدیلی سے حاصل ہونے والی صورت تبدیلی کرنے والے کی طرف منسوب ہو اور وحی کی صورت سے خارج ہو جاتی ہے۔لہذا ایسا تبدیل شدہ کلام خدا سے منسوب ہونے کی بجائے تبدیل کرنے والے کی طرف منسوب ہونے کے زیادہ لائق ہے۔

نیز قرآن میں کمی بھی اس چیز کا موجب بنتی ہے کہ کلام کی پہلے والی» خدائی « نظم و ترتیب میں خرابی اور گڑبڑ پیدا ہو جائے اور یہ چیز قطعی طور پر کلام کی ادبی روش اور فصاحت و بلاغت میں موثر ہے اور جدید (ناقص ہونے والی) ترتیب میں وہ پہلے والی بلاغی روش نہیں چل سکتی اور اس میں وہ پہلے والی بات نہیں رہتی لہذا جدید ترتیب کے بارے میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ وہی نظم الہی اور وحی منزل ہے۔لہذا قرآن مجید کے کلمات میں کسی قسم کی کمی، بیشی یا تبدیلی کا گمان قرآن مجید کے نظم و ترتیب میں موجود اعجاز کے مسئلہ کے ساتھ تضاد رکھتا ہے۔

۴۔خدائی ضمانت:

تحریف سے قرآن مجید کے سالم رہنے اور شبہ تحریف کے بطلان پر واضح ترین دلیل، قرآن مجید کو ہمیشہ اپنی عنایات کے زیر سایہ قرار دے کر ہر قسم کی آفات و بلیّات سے محفوظ رکھنے کی ایسی خدائی ضمانت اور گارنٹی ہے جسے خود پروردگار عالم نے اپنے ذمہ لیا ہے۔ارشاد الہی ہے: انّا نحن نزّلنا الذکر وانّا لہ لحافظون" یہ آیت قرآن مجید کے بالکل صحیح اور سالم ہونے کی ضمانت دے رہی ہے اور قاعدہ "لطف" کا تقاضا بھی یہی ہے کیونکہ قرآن مجید حقانیت اسلام کی زندہ سند اور نبوت کے صحیح ہونے کی پختہ اور محکم دلیل ہے۔اس لئے ہمیشہ ایسی آفات و بلیّات سے محفوظ رہنا چاہیے۔قرآن مجید میں کسی بھی قسم کی تحریف کا احتمال دینا اسلام کی بنیاد اور اساس کو ہلانے اور متزلزل کرنے کے مترادف ہے اس لیے ضروریات دین و عقل کے برخلاف ہے۔

۵۔قرآن اور روایات کو پرکھنے کا معیار:

قرآن مجید کے تحریف سے محفوظ رہنے اور طول تاریخ میں اس کی عدم تبدیلی کی دلیل وہ احادیث بھی ہیں جو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوئی ہیں۔ آپ نے فرمایا: انّ علی کلّ حق حقیقۃ وعلی کلّ صواب نوراً، فما وافق کتاب اللہ فخذوہ وما خالف کتاب اللہ فدعوہ؛ حق تک پہنچانے کیلئے ہمیشہ ایک ایسی حقیقت بھی ہوتی ہے جو حق کو آشکار کرتی ہے ہر سچائی اور اچھائی کیلئے ایک نور ہے جو تمام حقیقتوں اور صحیح راستوں کی طرف ہدایت کرتا ہے پس (احادیث سے) جو کچھ قرآن کے موافق ہو انھیں لے لو اور جو قرآن کے مخالف ہوں انھیں چھوڑ دو.

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے اگر قرآن مجید کی تحریف اور اس کے نتیجے میں درجہ اعتبار سے اس کے ساقط ہونے کا احتمال پایا جاتا تو کیا پھر بھی اس بات کی گنجائش تھی کہ قرآن کو روایات کے پرکھنے کا معیار قرار دیا جاتا اور یہ روایات کے صحیح اور غیر صحیح ہونے کی کوئی واضح دلیل ہوتی؟ ہرگز نہیں! پس قرآن مجید کو ہمیشہ صحیح و سالم ہونا چاہیے تا کہ اس کا اعتبار بھی برقرار رہے اور حق و باطل کے پرکھنے کا معیار بھی ہو۔

٦۔اہل بیت علیہم السلام کی نصوص:

نفی تحریف کے بارے میں آئمہ معصومین علیہم السلام سے کافی زیادہ روایات نقل ہوئی ہیں جو قرآن مجید میں تحریف کے احتمال یا شبہ کی یکسر نفی کرتی ہیں۔

(جاری ہے)

# پاکستان میں مدارس کے بنانے والوں میں صف اول میں شیخ الجامعہ علامہ اختر عباس کا نام ہے، مفسر قرآن علامہ شیخ محسن نجفی

وفاق ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق، بزرگ عالم دین مفسر قرآن، سربراہ جامعہ الکوثر اسلام آباد حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ شیخ محسن علی نجفی نے جامعۃ الفرات سرگودھا کی طرف سے شیخ الجامعہ علامہ اختر عباسؒ کی ۲۲ ویں برسی کی مناسبت سے عظیم الشان آن لائن سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مدارس کے بنانے والوں میں صف اول میں شیخ الجامعہ علامہ اختر عباس کا نام ہے، مشکل حالات میں جامعۃ المنتظر شروع کیا۔ سینکڑوں طلبا آپ کے شاگرد ہیں۔ میں نے اس مدرسے سے فائدہ اٹھایا ہے جس کی تاسیس مولانا نے کی تھی۔ اس وقت موجود تمام مدارس میں جامعۃ المنتظر کا حصہ و کردار ہے اور اس کے بانی وہ ہیں۔ انہیں ان تمام تبلیغات کا صلہ ملتا رہے گا۔



## عبادات، عزاداری اور دیگر مذہبی رسوم پر عمل ہمارے ایمان کا حصہ ہے، علامہ سید رضی جعفر نقوی

### ماہ صیام میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عبادات کے ساتھ ساتھ ضرورت مند افراد کی مشکلات دور کر کے افضل ترین ثواب کمایا جا سکتا ہے

جعفریہ الائنس پاکستان کی جانب سے استقبال رمضان کانفرنس امام بار گاہ شاہ نجف مارٹن روڈ میں منعقد ہوئی جس میں ملت جعفریہ سے تعلق رکھنے والی تمام تنظیمات، امام بارگاہوں کے ٹرسٹی حضرات، بانیان جلوس، اسکاؤٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جعفریہ الائنس کے صدر علامہ سید رضی جعفر نقوی کا کہنا تھا رمضان المبارک تزکیہ نفس کا مہینہ ہے، ماہ صیام میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ان کے نفوس کی طہارت و پاکیزگی کا بہترین موقع دیتا ہے اس ماہ میں عبادات کے ساتھ ساتھ نادار، مساکین اور ضرورت مند افراد کی مشکلات دور کر کے افضل ترین ثواب کمایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبادات، عزاداری اور دیگر مذہبی رسوم پر عمل ہمارے ایمان کا حصہ ہے تاہم انسانی جان کی حفاظت اولین شرعی فریضہ ہے عالمی حالات کے تناظر میں موجودہ مشکلات کو صبر اور حوصلے کے ساتھ برداشت



کرنے میں ہی ملک وقوم کی سلامتی ہے۔

## علامہ عون محمد کی دین مبین کیلئے خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی، جامعہ مدینۃ العلم اسلام آباد



جامعہ مدینۃ العلم اسلام آباد کے سربراہ حجت الاسلام ڈاکٹر سید محمد نجفی نے کراچی سے تعلق رکھنے خطیب عالم خادم مکتب اہلبیت علامہ سید عون نقوی کی وفات پہ دلی دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مخلص، فرض شناس اور خادمِ مکتبِ اہلبیت علیہم السلام، خطیب اہلبیتؑ حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید محمد عون نقوی کا انتقال ایک خلا ہے جو کبھی پورا نہیں ہوگا۔

اس غمناک ترین موقع پر ہم اپنے وقت کے امام حضرت امام العصر عج، تمام علمائے کرام، برادر ارجمند حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید شہنشاہ حسین نقوی، اور انکے تمام متعلقین اور مرحوم کے خانوادہ کی خدمت میں تسلیت وتعزیت پیش کرتے ہیں۔

## فرانس کے اقدام سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، علامہ افتخار حسین نقوی



معروف عالم دین علامہ افتخار حسین نقوی کا کہنا ہے کہ اسلام دین محبت ہے، ایک مذہبی جماعت کا انداز اور رویہ نہ اسلامی ہے اور نہ ہی حضور (ص) کے ساتھ عشق کا تقاضا ہے، اس گروپ کا ردعمل فساد ہے، دین کی خدمت نہیں۔ ملک بھر میں جاری تحریک لبیک کے احتجاج اور دھرنوں پر علامہ افتخار حسین نقوی نے شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح تحریک لبیک کے کارکنوں کی جانب سے اس معاملے پر احتجاج کیا گیا اور جلوس نکالے گئے، کچھ نہتے افراد قتل اور شہید ہوئے، سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا گیا، یہ انداز اور رویہ نہ اسلامی ہے اور نہ انسانی اور نہ حضور (ص) کے ساتھ عشق کا تقاضا ہے۔

علامہ افتخار نقوی نے کہا کہ تحریک لبیک کو یاد رکھنا چاہیئے کہ کسی ایک انسان کا قتل تمام انسانیت کا قتل ہے، ہم اس مذہبی جماعت کی قیادت سے کہتے ہیں کہ جو آپ کی جماعت کے نام سے کیا گیا ہے وہ فساد ہے، دین کی خدمت نہیں۔ علامہ افتخار حسین نقوی نے مزید کہا کہ فرانس کے صدر کی جانب سے جو گستاخانہ انداز اپنایا گیا، یہ انتہائی قابل مذمت ہے، مگر اس معاملے پر وزیر اعظم نے بہترین حکمت عملی سے عالم اسلام کو جھنجوڑا ہے، فرانس کے اقدام سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، کسی بھی تہذیب یافتہ معاشرے میں ایسی حرکات کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

## ماہ صیام تذکیہ نفس کے لیے اللہ تعالی کی طرف سے خصوصی انعام ہے، علامہ افضل حیدری

وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری علامہ افضل حیدری نے کہا کہ ماہ صیام تزکیہ نفس کا مہینہ ہے، اس مقدس مہینہ میں اللہ تعالیٰ ہمیں موقع عطا کرتا ہے کہ ہم صوم وصلواۃ اور عبادات کے ذریعے اپنی اندرونی خامیوں کو دور کریں۔

انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ اور اللہ تعالی کی طرف سے خصوصی انعام ہے، یہ مقدس مہینہ آپس کے معاملات میں صبر وتحمل رواداری، اخوت، عجز وانکساری کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ روزہ جسمانی مشقت کا نام نہیں ہے بلکہ نفس کی تربیت کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔

علامہ افضل حیدری نے کہا کہ رمضان کی مناسبت سے دعائیہ محافل اور دیگر تقریبات میں وطن عزیز کے استحکام وترقی کے لیے



خصوصی دعائیں کی جائیں۔

## شیعہ لاپتہ افراد کی عدم بازیابی پر حکمرانوں کی بے حسی افسوسناک ہے، علامہ شہنشاہ نقوی

نامور عالم دین اور خطیب اہل بیتؑ حجۃ الاسلام سید شہنشاہ حسین نقوی نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کے اہل خانہ اپنے پیاروں کی راہ دیکھ رہے ہیں، شیعہ لاپتہ افراد کی عدم بازیابی پر حکمرانوں کی بے حسی افسوس ناک ہے، 13 روز سے لاپتہ افراد کے اہل خانہ دھرنے میں بیٹھے ہیں۔

جوائنٹ ایکشن کمیٹی فار شیعہ مسنگ پرسنز کی جانب سے مزار قائد سے متصل احتجاجی دھرنے کے تیرہویں روز اپنے خطاب میں معروف عالم دین نے کہا کہ کیا لاپتہ افراد اس ملک کے شہری نہیں، لاپتہ افراد اگر کسی جرم میں ملوث ہیں تو آئینی و قانونی کارروائی کی جائے، لاپتہ افراد کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کیلئے آیا ہوں، شیعہ مسنگ پرسنز کی بازیابی ہمارا اولین مطالبہ ہے، ملک کے کسی بھی شہری کا اس طرح مسنگ ہونا آئین کے خلاف ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ لاپتہ افراد کے اہل خانہ کو بتایا جائے کہ ان کے پیارے زندہ بھی ہیں یا نہیں، شیعہ لاپتہ افراد کی مائیں، بہنیں اور چھوٹے بچے حکومت سے اپنے لاپتہ پیاروں کی بازیابی کا جائز مطالبہ کر رہے ہیں، لاپتہ افراد میں نوجوان چھ چھ سالوں سے جبری لاپتہ ہیں، صبر اور



استقامت کے ساتھ پرامن دھرنا جاری رہے گا۔